# Telephone Conversation between PM and President of Egypt

April 17, 2020

-----------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم اور مصر کے صدر کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

17 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج مصر کے صدر عالی جناب عبد الفتاح السیسی سے فون پر بات چیت کی۔

رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض کی وجہ سے ابھرتے ہوئے عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، اور اپنے عوام کے تحفظ کے لئے اپنی اپنی حکومتوں کے ذریعہ اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے ایک دوسرے سے سیکھنے کے لئے تجربات اور بہترین طریقوں کے مسلسل تبادلے کی افادیت پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم نے مصر کے صدر کو یقین دلایا کہ ہندوستان اس مشکل وقت میں دواؤں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گا۔ انہوں نے صدر السیسی کا مصر میں موجود ہندوستانی شہریوں کو فراہم کی جانے والی حمایت پر بھی شکریہ ادا کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ ان کی ٹیمیں قریبی کوارڈینیشن اور تجربے کے اشتراک کو یقینی بنانے کے لئے رابطے میں رہیں گی۔

**نئی دہلی**

**17 اپریل، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.